دانتوں سے کیڑا ختم کیجئے

ھوالشافی:

اگر دانتوں پر کیڑا جم گیا ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ پر عمل کریں‘ گنا یا انگوری سرکہ دو تولے‘ پھٹکڑی کے پھول ایک تولہ‘ تین ماشے کالی مرچ (پسی ہوئی)‘دو تو لے شہد میں ملالیں اور اس کا پیسٹ بنالیں۔ اس پیسٹ کو دن میں تین چار بار مسوڑھوں اور دانتوں پر ملیں اور پانی گرائیں۔ چند ہی دنوں میں دانتوں پر سےکیڑا اتر جائے گا اور دانت موتیوں کی طرح چمکنے لگیں گے۔ یہ نسخہ ماسخورہ اور پائیوریا کے علاج کیلئے بھی مفید ہے۔